# 2195 ـ جدید مسلمان کے قضا شدہ فرائض کی ادائیگی

**سوال**

چالیس برس کی عمرمیں ایک شخص نے اسلام قبول کیا توکیا وہ فوت شدہ نمازوں کی ادائیگي کرے گا ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد لله.

الحمدللہ

اسلام قبول کرنے والے شخص کی ایام کفرمیں فوت شدہ نمازیں ، روزے ، اورزکاۃ وغیرہ کی کوئ قضاء اورادائیگي نہیں ہے اس لیے کہ اللہ سبحانہ وتعالی کافرمان ہے :

آپ ان کافروں سے کہہ دیجئے ! کہ اگر یہ لوگ باز آجائیں توان کےوہ سارے گناہ معاف کردیے جائیں گے جوپہلے ہوچکے ہیں الانفال ( 38 ) ۔

اورنبی صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

( اسلام پہلے تمام گناہوں کومٹا دیتا ہے ) صحیح مسلم حدیث نمبر ( 121 ) ۔

اوراس لیے بھی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی ایک بھی صحابی کومسلمان ہونے کے بعدایام کفرمیں فوت شدہ اسلامی شعائر کی قضا اورادائیگي گا حکم نہیں دیا ، اوراہل علم کا اجماع بھی اسی پر ہے کہ اس کے ذمہ کوئ قضا نہیں ۔ واللہ اعلم .